## سوال

(604) نماز ترک کرنے اور دین کا مذاق اڑانے والے کی صحبت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

1. کیا مسلمان آدمی کے لئے ایسے شخص کی صحبت اختیار کرنا جائز ہے جو اکثر اوقات نماز نہیں پڑھتا؟

2. میں بہت سارے نوجوانوں کو دیکھتا ہوں کہ وہ جب کسی ایسے نوجوان کو دیکھتے ہیں جو نماز اور دین کی حفاظت کرتا ہو تو یہ اس کا مذاق اڑاتے ہیں۔ اور بعض ایسے نوجوانوں کو بھی دیکھتا ہوں ۔ ۔ ۔ اللہ تعالی انھیں ہدایت عطا فرمائے ۔ ۔ ۔ جو دین کے بارے میں بہت لاپروائی کے ساتھ نامناسب انداز میں بات کرتے ہیں ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا ان ک ساتھ صحبت ورفاقت جائز ہے؟ اور ایسے اوقات میں خوش طبعی جائز ہے جو نماز کے اوقات نہ ہوں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

1. مسلمان کے لئے کسی ایسے شخص کی صحبت ورفاقت جائز نہیں جو بعض اوقات نماز کو ترک کردیتا ہو بلکہ واجب ہے۔ کہ اسے نصیحت کی جائے۔ اور اس کے اس بُرے عمل کا انکار کیا جائے۔ اگر وہ توبہ کرلے تو ٹھیک وگرنہ اسے چھوڑ دے۔ اور اسے اپنا دوست نہ بنائے۔ بلکہ اللہ تعالی کی خاطر اس سے بغض رکھے حتیٰ کہ وہ اپنے اس بُرے عمل سے تائب ہوجائے کیونکہ نماز کو چھوڑنا کفر اکبر ہے جیسا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ:

«العهد الذي بيننا وبينهم الصلاة فمن تركها فقد كفر»

''ہمارے اوران (کفارو مشرکین) کے درمیان عہد، نماز ہے جو اسے ترک کردے وہ کافر ہے۔''

اس حدیث کو امام احمد اور اہل سنن نے صحیح سند کے ساتھ حضرت بریدہ بن حصیب رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کیا ہے اور امام مسلم نے صحیح میں حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ کی روایت کو بیان فرمایا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

«بين الرجل وبين الكفر والشرك ترك الصلوة» (صحيح مسلم)

''آدمی اور کفر وشرک کے درمیان فرق، ترک نماز سے ہے۔''

ہر مسلمان کےلئے یہ ضروری ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کےلئے محبت رکھے اور اللہ تعالیٰ ہی کےلئے بغض رکھے اللہ تعالیٰ ہی کی خاطر کسی سے دوستی رکھے اور اسی کی خاطر دشمنی جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے :

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِي إِبْرَٰهِيمَ وَالَّذِينَ مَعَهُۥٓ إِذْ قَالُوا۟ لِقَوْمِهِمْ إِنَّا بُرَءَٰٓؤُا۟ مِنكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ ٱلْعَدَٰوَةُ وَٱلْبَغْضَآءُ أَبَدًا حَتَّىٰ تُؤْمِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَحْدَهُۥٓ ٤ ... سورة الممتحنة

''(اے اہل ایمان) تمہارے لئے ابراہیم (علیہ السلام) اوران کے رفقاء (ساتھیوں) میں بہترین نمونہ ہے جب انہوں نے اپنی قوم کے لوگوں سے کہا کہ ہم تم سے اوران (بتوں) سے جن کو تم اللہ کے سوا پوجتے ہو، بے تعلق ہیں (اور) تمہارے (معبودوں کے کبھی قائل نہیں ہوسکتے) اورجب تک تم اللہ وحدہ پر ایمان نہ لاو ہمارے اور تمہارے درمیان کھلم کھلا عداوت اور دشمنی رہے گی۔''

اس طرح کے آدمی کے معاملے کو حکمرانوں تک بھی پہنچانا چاہیے بشرط یہ کہ تمہارے ملک میں اسلامی شریعت کی حکمرانی ہوتاکہ اس سے توبہ کروائی جائے اگر توبہ کرلے تو ٹھیک ورنہ اسے قتل کردیا جائے۔ کیونکہ جو شخص نماز چھوڑدے اور توبہ نہ کرے تو اس کی حد قتل ہے جیسا کہ فرمان باری تعالیٰ ہے :

وَأَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُا۟ ٱلزَّكَوٰةَ فَخَلُّوا۟ سَبِيلَهُمْ ٥ ... سورة التوبة

''پھر اگروہ توبہ کرلیں اور نماز پڑھنے اورزکوۃ دینے لگیں توان کی راہ چھوڑدو۔''

تواس سے معلوم ہواکہ جو نماز نہ پڑھے اس کی راہ نہ چھوڑی جائے ، نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

«انی نہیت عن قتل المصلین» (سنن ابی داوٗد)

''مجھے نمازیوں کے قتل سے منع کیا گیا ہے''

تواس سے بھی معلوم ہواکہ جو نماز نہ پڑھے اس کے قتل سے آپؐ کو منع نہیں کیا گیا۔ بلکہ اس کا قتل واجب ہے۔ بشرط یہ کہ وہ توبہ کرلے۔ پھر ظاہر ہے کہ اس کی سزا کی صورت میں وہ اس عظیم جرم کے ارتکاب سے بازرہ سکتا ہے اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ وہ مسلمانوں کے حالات کی اصلاح فرمادے ہمیں اوران سب کو دین پر ثابت قدم رکھے۔ انہ سمیع قریب!

2. اسلام یا اسلام کی کسی بات کا مذاق اُڑانا کفر اکبر ہے ارشاد باری تعالیٰ ہے :

قُلْ أَبِٱللَّهِ وَءَايَٰتِهِۦ وَرَسُولِهِۦ كُنتُمْ تَسْتَهْزِءُونَ ٦٥ لَا تَعْتَذِرُوا۟ قَدْ كَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَٰنِكُمْ ٦٦ ... سورة التوبة

''کہو کیا تم اللہ اوراس کی آیتوں اوراس کے رسول سے ہنسی کرتے تھے؟ بہانے مت بناو تم ایمان لانے کے بعد کافر ہوچکے ہو۔''

جو شخص اہل دین اور نمازیوں کا ان کے دین اوراس کی حفاظت کرنے کی وجہ سے مذاق اڑائے تو اس کے بارے میں یہ سمجھا جائے گا کہ وہ دین کا مذاق اڑارہا ہے۔ لہذا اس شخص کی صحبت وہم نشینی جائز نہیں بلکہ اس کی ان خرافات کا انکار کرنا اوران سے کنارہ کشی اختیار کرنا واجب ہے نیز واجب ہے۔ کہ اسے سچی توبہ کی ترغیب دی جائے اگر وہ توبہ کرے تو الحمدللہ ورنہ اس کے ان بُرے اعمال کے بارے میں عادل گواہوں کی شہادت کے بعد حکمرانوں کو شکایت کی جائے گی۔ تاکہ شرعی عدالت کی طرف سے اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق اس کا فیصلہ کیا جائے۔ بہرحال یہ بہت اہم مسائل ہیں۔ ہر طالب علم اور مسلمان کےلئے جواپنے دین کو جانتا ہو ضروری ہے کہ وہ اس سے اجتناب کرے اور دوسروں کو بھی دین کا مذاق اڑانے کی اجازت نہ دے تاکہ عقیدہ خراب نہ ہو اور وہ سزا بھی نہ ملے جو حق اور اہل حق کا مذاق اڑانے کی صورت میں ملتی ہے۔

ہم اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتے ہیں کہ وہ ہم سب مسلمانوں کو اس کام سے محفوظ رکھے۔ جو اس کی شریعت کے مخالف ہو اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو ان کے کافر ومنافق دشمنوں کے شر سے

محفوظ رکھے اور تمام حالات میں کتاب وسنت کے دامن سے وابستگی کی توفیق عطا فرمائے۔ انہ جواد کریم (شیخ ابن باز رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ : جلد1

**صفحہ نمبر 489**

**محدث فتویٰ**